بیکسوں کا قافله جارها هے شام کو

کرب وبلا السلام شاه سے کهنا پیام
بهائي میرے تشنه کام کرتي هے زینب سلام
بیکسوں کا قافله جا رها هے شام کو

نینوا رکهنا خیال قبر نه هو پائیمال
دفن هے بانو کا لال هے یهیں تجهسے سُؤال
بیکسوں کا قافله جا رها هے شام کو

اکبرِ گُلگوں قَبا سینے په نیزه لگا
جامِ شهادة پیا پیاس بُجهي مِه لَقَا
بیکسوں کا قافله جا رها هے شام کو

عون و محمد بهي آؤ ماں کو ذرا دیکه جاؤ
ماموں کو اپنے بلاؤ ناکوں په سب کو بٹهاؤ
بیکسوں کا قافله جا رها هے شام کو

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاً نذرعلي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

خاک سے دولھا اُٹھو آکے دولھن سے مِلو
آؤ سکینه چلو بھائي سے اپنے کھو
بیکسوں کا قافله جا رھا ھے شام کو

گلشنِ زھراء مِٹا آئي یه کیسي گھٹا
بھائي بھن سے چُھٹا شاه کا کُنبه لُٹا
بیکسوں کا قافله جا رھا ھے شام کو

بھائي جو تم ھو خفا کُچھ نه کفن کو مِلا
کیا کرے زینب بھلا سر په نھیں ھے رِداء
بیکسوں کا قافله جا رھا ھے شام کو

تھے یھي زینب کے بین ھائے شهِ مَشرقَین
تم تو سدھارے حسین دل کو نھیں میرے چین
بیکسوں کا قافله جا رھا ھے شام کو

❋❋❋❋❋